29/03/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

هیڈ لائنز

*.......صدر جمہوریہ دروپدی مرمونے ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے کےلئے مسلسل بیداری پیدا کرنے اور منظم کوششیں کرنے کی ضرورت پر دیا زو۔

*.......وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی کٹھوعہ تصادم میں جاں بحق ہوئے 4پولیس اہلکاروں کے اہل خانہ کے ساتھ ملاقات// تعزیت اور ہمدردی کا کیا اظہار۔

*....... عید الفطر کے پیش نظر جمونو کشمیر کے بازاروں میں گہما گہمی ۔

اور

*....... وزیر اعظم نریندر مو دی کل من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگونکے ساتھ کریں گے اپنے خیالات کا اظہار۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے کے لئے مسلسل بیداری پیدا کرنے اور ہر سطح پر جامع کوششیں کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وگیان بھون نئی دلی میں آج ماحولیات سے متعلق ایک قومی کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ آنے والی نسلوں تک صاف و شفاف ماحولیاتی نظام پہنچانا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ترقی اور حیاتیابی تنوع میں توازن برقراررکھنے کی اہمیت کو بھی اُجاگر کیا۔ تقریب سے ماحولیات کے وزیر بھوپیندر یا دو نے بھی خطاب کیا۔

زلزلہ

میانمار میں کل آئے شدید زلزلے کی وجہ سے مرنے والوں کی تعداد ایک ہزار تک پہنچ گئی ہے۔ باور کیا جا رہا ہے کہ مرنے والوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے کیونکہ اس حوالے سے اعداد و شمار ابھی جمع کئے جا رہے ہیں۔ بھارت سمیت کئی ممالک نے امداد، بچاؤ ٹیمیں اور میڈیکل ٹیمیں اثر زدہ علاقوں میں بھیج دی ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مو دی نے میانمار کے سینئر جنرل Min Aung Hlaing کے ساتھ بات کی اور اس ناگہانی آفت میں ہوئے جانی نقصان پر تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

### وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کٹھوعہ جھڑپ میں جان بحق ہوئے جگبیر سنگھ نامی ہیڈ کانسٹیبل کو خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ جموں میں ایک تقریب کے دوران وزیر اعلیٰ نے آنجہانی کی میت پر گل دائرہ جڑھایا ۔ وزیر اعلیٰ نے کہاکہ اس پولیس اہلکار کی بہادری کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے کٹھوعہ تصادم میں جاں بحق ہوئے بلویندر سنگھ، طارق احمد، جسونت سنگھ اور جگبیر سنگھ کے اہل خانہ کے ساتھ ملاقات کی اور انکے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ اس موقعے پر کہا کہ ان اہلکاروں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ دکھ کی اس کھڑی میں سوگوار کنبوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑے ہیں۔

### لعل سنگھ

کانگریس کے سینئر لیڈر چودھری لعل سنگھ نے جموں خطے میں سکیورٹی گرڈ کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ کٹھوعہ تصادم میں جاں بحق ہوئے ایک پولیس اہلکار جسونت سنگھ کے آخری رسوم میں شرکت کے بعد انہوں نے کہا کہ انکی پارٹی دہشت گردی کی ہر صورت میں مذمت کر تی ہے۔

### عیدالفطر

عید الفطر کے پیش نظر آج جمونو کشمیر کے تمام چھوٹے بڑے بازاروں میں کا فی گہما گہمی دیکھنے کو مل رہی ہے اور لوگ آج صبح سے ہی گوشت، مرغ، بیکری، ملبوسات اور دیگر اشیاءکی خریداری میں مصروف رہے۔ انتظامیہ نے لازمی اشیاءلوگوں تک پہنچانے کےلئے تمام انتظامات کئے ہیں اور بازاروں کی چیکنگ کا عمل لگاتار جا ری ہے۔ لیگل میٹرولوجی جمونو کشمیر کی کنٹرولر انو رادھا گپتا نے اس حوالے سے آکاشوانی نیوزسرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

دریں اثناءفوڈ سیفٹی محکمہ غذائی اجناس کے معیار کو برقرار رکھنے کےلئے لازمی اقدامات کر رہا ہے اور محکمے کی ٹیمیں بازاروں کا لگاتار معائینہ کر کے غیر معیاری چیزوں کو ضائع کر رہی ہیں۔ اس سلسلے میں محکمہ فوڈ سیفٹی کشمیر کے اسسٹنٹ کمشنر ہلال احمد میر نے کہا ۔

### جموں

عید الفطر کے تناظر میں جمونمیونسپل کارپوریشن نے بھی تیاریاں شروع کی ہیں اور کارپوریشن کے کمشنر ڈاکٹر دِوانش یادو کی ہدایات پر مختلف ٹیمیں بازاروں کا دورہ کر رہی ہیں اور اس بات کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ صارفین کو معیاری گوشت اور مرغ فراہم کئے جا سکیں۔ کارپوریشن نے تمام دکانداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ صحت سے متعلق قوانین پر سختی سے عمل کریں۔

رمضان

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ اپنے آخری مراحل میں ہے یہ مہینہ جہاں ہمیں تقویٰ، پرہیز گاری اور قربِ الٰہی حاصل کرنے کا ایک بہترین موقع فراہم کرتا ہے وہیں یہ ہمیں صِلہ رحمی کا بھی درس دیتا ہے۔ اس حوالے سے جب ہم نے معروف عالم دین مولانا غلام رسول حامی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

درخشان

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے آج وقف بورڈ میں کام کر رہے عارضی ملازمین کے ساتھ ساتھ بورڈ کے مستقل ملازمین ، ائمہ ، خطیبوں، پنشنروں ، فیملی پنشنروں اوربی بی حلیمہ کالج آف نرسنگ اینڈ میڈیکل ٹیکنالوجی کی فیکلٹی کی تنخواہوں میں اضافے کا اعلان کیا ہے۔ اس اعلان کی بدولت کم اُجرتوں پر کام کررہے ملازمین کی تنخواہوں میں200سے400فیصد کا اضافہ ہو گا۔ یہ فیصلہ وقف بورڈ کی ایک میٹنگ کے دوران لیا گیا۔ میٹنگ میں وقف بورڈ کے ممبر ڈاکٹر غلام نبی حلیم اور کئی دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔

قالین

نوشہرہ سرینگر میں موجود انڈین انسٹی چیوٹ آف کارپٹ ٹیکنالوجی نے ”تعلیم “ کی صورت میں موجودروایتی قالین ڈیزائنوں کو محفوظ رکھنے اور اسکی ڈیجیٹائزیشن کرنے کا ایک پروجیکٹ شروع کیا ہے اور اب تک ہزاروں کی تعداد میں” تعلیم“ دستاویزات کی ڈیجیٹائزیشن عمل میں لائی گئی ہے۔ اس پہل کے حوالے سے انڈین انسٹی چیوٹ آف کارپٹ ٹیکنالوجی سرینگر کے ڈائریکٹر زُبیر احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے ایک معروف ریڈیو اور ٹی وی اداکار کمل راز دان کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

ٹولپ گارڈن

سرینگر کے باغ گل لالہ میں آج چوتھے روز بھی سیاحوں کا تانتا بند ھا رہا اور آج کل 16ہزار141 سیاحوں نے باغ کی سیر کر کے رنگ بہ رنگی گل لالہ کا نظارہ کیا۔ کُل ملاکر پچھلے چار روز کے دوران68 ہزار84مقامی ، ملکی ،غیر ملکی سیاحوں نے باغ کی سیر کی ہے۔

من کی بات

وزیراعظم نریندر مودی کل یعنی30مارچ کو آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

موبائل ایپ کے تمام نیٹ AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIRیہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن، اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے PMOنیوز، DDنیوز، AIR ورک پر نشر کیا جائے گا۔ اسے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریئے کے فوراً بعد آکاشوانی اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر کے چانسلر لیفٹننٹ جنرل ریٹائرڈ سید عطا حسنین نے آج تولہ مولہ کیمپس میں کیمونٹی ریڈیو سٹیشن90.8 ایف ایم کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر نا تھ، یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر ایم افضل زر گر اور کئی دیگر شخصیات موجود تھیں۔ بعد میں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کر تے ہوئے چانسلر نے کہا۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے گذشتہ روزتیزی آندھی کے نتیجے میں املاک کو ہوئے نقصان کا تشویش کا اظہار کر تے ہوئے ڈویژنل انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ متاثرین کی راحت رسانی کےلئے فوری اقدامات کریں۔

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور ایم ایل اے جڈی بل تنویر صادق نے ایم ایل اے حضرت بل سلمان علی ساگر کے ہمراہ آج شیر کشمیر میڈیکل انسٹی چیوٹ صورہ میں شجر کا ری مہم کا افتتاح کیا۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ماحولیات کو تحفظ دینے کےلئے زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں۔ اس موقعے پر سکمز کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی بھی موجود تھے۔

اس دوران ایم ایل اے حبہ کدل شمیم فردوس نے جہانگیر چوک سے ڈاؤن ٹاون کے مختلف علاقوں کےلئے سمارٹ سٹی بس سروس کا افتتاح کیا۔

سکول

وادی کے تعلیمی اداروں کے اوقات کار میں یکم اپریل سے تبدیلی لائی گئی ہے۔ محکمہ تعلیم کی طرف سے جا ری ایک حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ سرینگر میونسپل حدود میں آنے والے تعلیمی اداروں میں اوقات کار صبح 9بجے سے سہ پہر تین بجے تک رہیں گے جبکہ ضلع سرینگر کے میونسپل حدود سے باہر کے علاقوں نیز وادی کے دیگر علاقونمیں یہ اوقات کار صبح ساڑھے 9 بجے سے سہ پہر ساڑھے تین بجے تک رہیں گے۔

پولیس

پولیس نے سرینگر جمونقومی شاہراہ پر نو یگ ٹنل پر وال راڈار اور تھرمل سکریننگ کا جدید نظام نصب کیا ہے۔ اس موقعے پر جنوبی کشمیر کے ڈی آئی جی جا وید اقبال متو اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ اس نظام کی بدولت گاڑیوں میں چھپائے گئے منشیات، ہتھیار اور دیگرغیر قانونی مواد کا پتہ لگانے میں مدد ملے گی۔

دریں اثناءپولیس نے شوپیان اور سوپور سے تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتارکر کے انکے قبضے سے کچھ مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی گئی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران مو سم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 19اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2اعشاریہ1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10اعشاریہ4ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل اختتام سحری صبح4بجکر56 منٹ پر

جبکہ افطاری کا وقت شام6بجکر53منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.....................................

..........................

...........